DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 30.10.2025

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | طلبا کو اپنا مستقبل روشن اور محفوظ بنانے کیلئے ڈسپلن اپنانا ہوگا، گورنر مندوخیل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | دشمن کے عزائم خاک میں ملانے تک عزم استحکام مہم جاری رہے گی، سرفراز بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | عوام کی خدمت اور صوبے کی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے، سردار کھیتران | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | حاجی نور محمد دمڑ کے خلاف سوشل میڈیا پر جھوٹا پروپیگنڈہ کیا جارہا ہے، ترجمان | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | حکومت بلوچستان عوامی مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ ہے، میر سلیم کھوسہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | چمن میں 9 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی ریلوے اراضی واگزار | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | پاکستان پیپلز پارٹی ایک قومی، جمہوری اور عوامی جماعت ہے، فیصل جمالی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | غیر نصابی سرگرمیاں طلبہ کی صلاحیتوں کو جلا بخشتی ہیں، نوابزادہ زرین مگسی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | صوبے میں طبی سہولیات کی بہتری کیلئے اقدامات جاری ہیں، بخت محمد کاکڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | کوئٹہ ایئرپورٹ سے انٹرنیشنل فلائٹس کے نئے دور کا آغاز | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | سفری پابندیاں ختم نہ کرنے پر سردار اختر مینگل توہین عدالت کی درخواست دائر کرینگے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | بلوچستان کی ترقی کے لئے سرکاری اداروں اور نجی شعبے کا اشتراک ناگزیر ہے، بلال کاکڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | شہری صفائی مہم میں انتظامیہ کا ساتھ دیں میئر اوستہ محمد | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | کسٹمز کی کارروائیاں کروڑوں روپے مالیت چاندی کی اسمگلنگ ناکام بنادی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | کوئٹہ شہر میں ٹریفک سے متعلق مسائل کے حل کیلئے حکام کی مشاورت | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | سیف سٹی پروجیکٹ میں مالی بے ضابطگیاں پی اے سی کا چیف سیکرٹری کو انکوائری کا حکم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | اورماڑہ میں شہریوں کے مسائل حل کیے جائیں گے، ہدایت الرحمان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | دوسروں کے ایماء پر خون کی ندیاں بہانے والے ملک وقوم پر رحم کریں، مولانا رفیق | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

جھل مگسی داماد کی فائرنگ سے سسر ہلاک ساس سمیت، دو افراد شدید زخمی، ڈیرہ مراد جمالی جعفر ایکسپریس پر چار راکٹ فائر پولیس موبائل پر حملے میں 13 افراد زخمی، کوئٹہ دالبندین اور ناگ میں فائرنگ سے تین افراد ہلاک، تین زخمی، بلوچستان فورسز کی کارروائیاں 14 دہشتگرد ہلاک کرم میں 7 خوارج جہنم واصل کیپٹن سمیت 6 جوان شہید، نال نامعلوم افراد کی فائرنگ سے تین افراد زخمی، گنداخہ کے علاقے باغ ہیڈ کی حدود سے لاش برآمد

## عوامی مسائل:

مستونگ میٹرک کے امتحانی فارم بورڈ نہ بھیجنے پر طلباء کا احتجاج

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 30.10.2025**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**ملک بھر میں گھریلو صارفین کیلئے گیس کنکشن کھولنے کا اعلان** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ ملک بھر میں گھر کافی عرصے سے گیس کے گھریلو کنکشن پر پابندی عائد تھی جس کے باعث شہریوں کو بڑی مشکلات کا سامنا تھا کیونکہ گیس ہی گھریلو ایندھن کا ذریعہ ہے جو گھروں میں کھانا پکانے اور دیگر حکام کام آتا ہے گزشتہ روز وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے گھریلو کنکشن کی بحالی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ملک بھر میں گھریلو صارفین کیلئے گیس کنکشن کھولنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ 2022ء میں پی ڈی ایم کی حکومت بنی تو چاروں طرف سے بے پناہ دباؤ تھا کہ گیس کے کنکشن دیئے جائیں ہمیں گیس کی فراہمی میں مشکلات تھیں اور ہر درخواست دہندہ سے ہمیں معذرت کرنا پڑی حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے توانائی کے شعبے میں مزید اقدامات جاری رکھے گی تا کہ ہر گھر تک گیس کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے اس طرح عوام کا ایک دیرینہ مطالبہ پورا ہوگیا ہے آج خوشی کا دن ہے کہ پورے پاکستان میں گھریلو صارفین کیلئے معیاری ایندھن گیسفائیڈ لیکویڈ نیچرل گیس کے کنکشن کا اجراء کیا جارہا ہے وزیراعظم نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے توانائی کے شعبے میں مزید اقدامات جاری رکھے گی تا کہ ہر گھر تک گیس کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے۔

**اداریے :**

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے " Climate challenge" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 30 OCT 2025 Page No. 1

## گورنر مندوخیل: طلبا کو اپنا مستقبل روشن اور محفوظ بنانے کیلئے ڈسپلن اپنانا ہوگا

**ہم بلوچستان کے تمام کیڈٹ کالجوں کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے ٹھوس اور ترقی پسند اقدامات کر رہے ہیں، طلبا سے گفتگو**

کوئٹہ (غ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہم تمام کیڈٹ کالجوں اور دیگر تعلیمی اداروں کے درمیان مواقعوں اور سہولیات کے حوالے سے پائے جانے والے فرق کو ختم کرنے کیلئے پرعزم ہیں۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کیلئے ہم سرتوڑ کوششیں کر رہے ہیں کہ کیڈٹ کالجوں کے اساتذہ اور طلبہ کو صوبے بھر کی یونیورسٹیوں اور کالجوں کی طرح پروموشن، اسکالرشپ، لیپ ٹاپ اور دیگر تعلیمی سہولیات بھی حاصل ہوں۔ ہم بلوچستان کے تمام کیڈٹ کالجوں کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے ٹھوس اور ترقی پسند اقدامات کر رہے ہیں، انہیں عصری انفراسٹرکچر، وسائل اور ٹیکنالوجی سے آراستہ کر رہے ہیں تاکہ جامع ترقی کو فروغ دیا جا سکے اور طلباء کو مسابقتی برتری فراہم کی جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کیڈٹ کالج قلعہ سیف اللہ کے طلباء کو گورنر ہاؤس کے دورے کے موقع پر خوش آمدید کہتے ہوئے کہا۔ اس موقع پر کیڈٹ کالج قلعہ سیف اللہ کے کمانڈنٹ بریگیڈیئر شیراز لطیف خان بھی موجود تھے۔ کیڈٹ کالج قلعہ سیف اللہ کے کیڈٹس کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گورنر ہاؤس کوئٹہ جیسے تاریخی مقام کی سیر کے فوائد جو کہ برطانوی دور کی قدیم ترین عمارتوں میں سے ایک ہے۔ اپنے روشن مستقبل کو محفوظ بنانے کیلئے طلباء کو ڈسپلن اور محنت کے جذبے کو اپنانا ہوگا۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ نوجوان ہمارے مستقبل کا سرمایہ ہیں۔ عوام کی خدمت کرنے اور سماج میں اپنے حصے کا کردار کرنا ضروری ہے۔ آپ بہت خوش قسمت ہیں کہ آپ کیڈٹ کالج جیسے موثر تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم ہیں لہٰذا ضروری ہے کہ آپ اپنے تجربہ کار اور شفیق اساتذہ کے علم و تجربے سے بھرپور استفادہ کریں۔ تعلیم کے ساتھ ساتھ اپنے آپ میں قائدانہ صلاحیتوں میں نکھار پیدا کرنا لازمی ہے۔ کالج کے کمانڈنٹ بریگیڈیئر شیراز لطیف خان کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ آپ معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ طلباء کے اخلاق اور کردار بنانے پر بھی توجہ دے رہے ہیں جن کے بہت جلد مثبت نتائج برآمد ہونگے۔ یہ حقیقت ہے کہ ٹیم ورک اور باہمی تعاون لازمی ہے۔ مشترکہ مقاصد کیلئے مل کر کام کرنے سے ہم زندگی کے نشیب و فراز میں چیلنجوں پر بآسانی قابو پا سکتے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ نصاب کو انسانی ضروریات اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا بہت لازمی ہے اور ہماری کوشش ہوگی کہ تمام کیڈٹس کو جدید سائنسی علوم اور سائنسی ایجادات سے روشناس کرائیں۔



گورنر جعفر مندوخیل سیکرٹری ایس اینڈ جی ڈی سید فیصل آغا کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں



گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل سے کمانڈنٹ کیڈٹ کالج قلعہ سیف اللہ بریگیڈیئر شیراز لطیف خان ملاقات کر رہے ہیں



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ڈی جی پی آر محمد نور کھیتران ملاقات کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

## زاہدان تو کوئٹہ افتتاحی فلائٹ کے مسافروں کا پرتپاک استقبال

**انٹرنیشنل فلائٹ کا سلسلہ شروع ہونے سے خطے میں رابطوں کو فروغ ملے گا، گورنر**

کوئٹہ (خ ن) آج کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر انٹرنیشنل فلائٹس کے ایک نئے دور کا آغاز ہوا ہے جس کے نتیجے میں زاہدان اور کوئٹہ انٹرنیشنل فلائٹ کے ذریعے منسلک ہو چکے ہیں۔ اب ہمارے لیے ایران سے آگے ترکی اور سینٹرل ایشیا تک مزید وسعت دی جا سکتی ......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

ہے۔ پاکستان اور ایران خطے کے دو طاقتور اور مضبوط مسلم ممالک ہیں ایک نے بھارت جبکہ دوسرے نے اسرائیل کو عبرتناک شکست دی۔ ان خیالات کا اظہار گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے بدھ کی رات کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر زاہدان تو کوئٹہ افتتاحی فلائٹ کی منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع ایرانی قونصل جنرل محمد کریمی تودشکی، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، پارلیمانی سیکرٹری حاجی برکت رند، راحیلہ خواجہ خیل اور کوئٹہ چیمبر آف کامرس کے نمائندے بھی موجود تھے۔ شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان نے کہا کہ آپ جانتے ہیں کہ کچھ عرصہ قبل میں نے کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے سعودی عرب خصوصی عمرہ فلائٹ کا افتتاح کیا جبکہ آج زاہدان تو کوئٹہ ایران ایئر فلائٹ سے متعلق تقریب میں بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہا ہوں۔ انٹرنیشنل فلائٹ کا سلسلہ شروع ہونے سے پورے خطے میں رابطوں کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ میری خواہش اور کوشش ہے کہ کوئٹہ کے بین الاقوامی پروازوں کے نیٹ ورک کو خطے کے دیگر ممالک تک بھی مزید وسعت دی جائے، اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ بلوچستان کے عوام آسان اور قابل رسائی ہوائی سفری سہولیات سے لطف اندوز ہوں تاکہ ہم کوئٹہ کو ایک اہم مرکز بنا کر پورے خطے میں ہم تجارت سیاحت اور اقتصادی ترقی کو فروغ دے سکیں۔ زاہدان تو کوئٹہ خصوصی فلائٹ چلانے کا آغاز ایک انتہائی لائق تحسین اقدام ہے۔ اس احسن اقدام سے قبل ہمارے مسافروں اور زائرین کو ایران اور عراق جانے کیلئے زمینی راستے استعمال کرنے پر مجبور تھے۔ آج کے بعد اس سے چھٹکارا حاصل ہو جائیگا۔ اس دیرینہ عوامی مسئلے کو حل کرنے کے بعد پاکستان بالخصوص بلوچستان کے تمام شہریوں کو ہوائی سفری سہولیات اور مواقع میسر ہو چکے ہیں۔ واضح رہے کہ ان خصوصی ہفتہ وار فلائٹس کے ذریعے محض زائرین نہیں بلکہ ایران میں رہنے والے تمام پاکستانیوں کو بھی ہوائی یہ سفری کی سہولت میسر آئیگی۔ آخر میں مہمانان گرامی کے اعزاز میں عشائیہ دیا گیا۔

## کیڈٹ کالجز کو تعلیمی سہولیات فراہم کرینگے، جعفر مندوخیل

**کالجوں کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات کر رہے ہیں**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہم تمام کیڈٹ کالجوں اور دیگر تعلیمی اداروں کے درمیان مواقعوں اور سہولیات کے حوالے سے پایا جانے فرق کو ختم کرنے کیلئے پرعزم ......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

ہیں۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کیلئے ہم سرتوڑ کوششیں کر رہے ہیں کہ کیڈٹ کالجوں کے اساتذہ اور طلبہ کو صوبے بھر کی یونیورسٹیوں اور کالجوں کیطرح پروموشن، اسکالرشپ، لیپ ٹاپ اور دیگر تعلیمی سہولیات بھی حاصل ہوں۔ ہم بلوچستان کے تمام کیڈٹ کالجوں کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے ٹھوس اور ترقی پسند اقدامات کر رہے ہیں



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ڈی جی پی آر بلوچستان محمد نور کھیتران ملاقات کر رہے ہیں

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 2

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 35 روپے

جلد 54 | جمعرات، 7 جمادی الاول 1447ھ 30 اکتوبر 2025ء | نمبر 297

# دشمن کے عزائم خاک میں ملانے تک "عزم استحکام" مہم جاری رہے گی

**شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائیگا، امن دشمنوں کیخلاف پوری قوم اپنی بہادر افواج کیساتھ کھڑی ہے، وزیراعلیٰ**

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کرم کے علاقے ڈوگر میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے بھارتی سرپرستی یافتہ خوارج کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ وطن عزیز کے بہادر سپوتوں نے جس دلیری اور قربانی کے جذبے سے دہشت گردوں کا مقابلہ کیا، وہ پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور عزم و ایمان کی روشن مثال ہے۔ انہوں نے کیپٹن نعمان سلیم اور ان کے پانچ ہمراہی جوانوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا انہوں نے کہا کہ بھارتی سرپرستی یافتہ دہشت گرد عناصر پاکستان کے امن اور استحکام کے دشمن ہیں، مگر قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بلوچستان کے عوام اور حکومت مکمل طور پر پاک فوج، ایف سی، اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ "عزم استحکام" کے تحت جاری انسداد دہشت گردی مہم دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملانے تک جاری رہے گی۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سید فیصل آغا کی والدہ کے انتقال پر تعزیت، فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Da

Bullet No. ١

Page No. 3


Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | جمعرات 07 جمادی الاول 1447ھ 30 اکتوبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 115

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے


# بھارتی حمایت یافتہ دہشتگرد امن واستحکام کے دشمن ہیں، وزیراعلیٰ

## کیپٹن نعمان سلیم اور پانچ جوانوں نے دلیری اور قربانی کے جذبے سے دہشت گردوں کا مقابلہ کیا، شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائیگا

## قوم افواج پاکستان کیساتھ کھڑی ہے، انسداد دہشت گردی مہم دشمن کے عزائم کو خاک میں ملانے تک جاری رہے گی، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کرم کے علاقے ڈوگر میں سیکورٹی فورسز کو بھارتی سرپرستی یافتہ خوارج کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ وطن عزیز کے بہادر سپوتوں نے جس دلیری اور قربانی کے جذبے سے دہشت گردوں کا مقابلہ کیا وہ پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور عزم ایمان کی روشن مثال ہے۔ انہوں نے ......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر



وزیراعلیٰ میر سرفراز خان بگٹی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ای سید فیصل آغا کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

کیپٹن نعمان سلیم اور ان کے پانچ ہمراہی جوانوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا انہوں نے کہا کہ بھارتی سرپرستی یافتہ دہشت گرد پاکستان کے امن اور استحکام کے دشمن ہیں، مگر قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بلوچستان کے عوام اور حکومت مکمل طور پر پاک فوج، ایف سی، اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ "عزم استحکام" کے تحت جاری انسداد دہشت گردی مہم دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملانے تک جاری رہے گی۔ انہوں نے شہداء کے خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قوم ان کی قربانیوں پر فخر کرتی ہے، اور ان کے اہل خانہ کو کبھی تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. ۱

Page No. 6


روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سنچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 316 | جمعرات، 7 جمادی الاوّل، 30 اکتوبر 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے


وزیراعلیٰ بلوچستان

# شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائیگا،قوم اپنی فوج کیساتھ ہے

## بھارتی سرپرستی یافتہ دہشت گرد امن کے دشمن ہیں ان کے ناپاک عزائم خاک میں ملانے تک مہم جاری رہے گی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کرم کے علاقے ڈوگر میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے بھارتی سرپرستی یافتہ خوارج کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ وطن عزیز کے بہادر سپوتوں نے جس دلیری اور قربانی کے جذبے سے دہشت گردوں کا مقابلہ کیا، وہ پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور عزم ایمان کی روشن مثال (باقی صفحہ 5 نمبر19)

ہے۔انہوں نے کیپٹن نعمان سلیم اوران کے پانچ ہمراہی جوانوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا انہوں نے کہا کہ بھارتی سرپرستی یافتہ دہشت گرد عناصر پاکستان کے امن اور استحکام کے دشمن ہیں، مگر قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بلوچستان کے عوام اور حکومت مکمل طور پر پاک فوج، ایف سی، اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ "عزم استحکام" کے تحت جاری انسداد دہشت گردی مہم دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملانے تک جاری رہے گی۔انہوں نے شہداء کے خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قوم ان کی قربانیوں پر فخر کرتی ہے اوران کے اہل خانہ کو کبھی تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔

# ماں کی جدائی ناقابل تلافی نقصان ہے، وزیراعلیٰ

## انسان کی سب سے بڑی طاقت ماں کی محبت اور دعا ہے، آغا فیصل سے تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سیکرٹری سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ سید فیصل آغا کے ہاں گئے جہاں انہوں نے ان کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر گہرے رنج و افسوس کا اظہار کیا اور فاتحہ خوانی کی وزیراعلیٰ نے کہا کہ ماں کی محبت اور دعا انسان کی سب سے بڑی طاقت ہوتی ہے، ان کی جدائی ایک ناقابل تلافی نقصان ہے انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے اس موقع پر اراکین صوبائی اسمبلی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری بابر خان سمیت اعلیٰ سرکاری حکام اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد بھی موجود تھے۔دریں اثناء (باقی صفحہ 5 نمبر 32)

صوبائی وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ سردار عبدالرحمن کھیتران نے بھی سیکرٹری ایس اینڈ جی ڈی سید فیصل آغا کی والدہ کے انتقال پر ان کے گھر جا کر تعزیت کی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 5


THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4

قیمت 30 روپے ★ صفحات 6

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com.
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | جمعرات 30 اکتوبر 2025ء بمطابق 07 جمادی الاوّل 1447ھ | شمارہ نمبر 297


# انسداد دہشتگردی مہم دشمن کے خاتمے تک جاری رہے گی، وزیراعلیٰ

## کرم میں خوارج کیخلاف کامیاب آپریشن پر فورسز کو خراج تحسین، کیپٹن سمیت جوانوں کی شہادت پر اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کرم کے علاقے ڈوگر میں سیکورٹی فورسز کی جانب سے بھارتی سرپرستی یافتہ خوارج کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر فورسز کو خراج

بقیہ نمبر52 صفحہ 5 پر

تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ وطن عزیز کے بہادر سپوتوں نے جس دلیری اور قربانی کے جذبے سے دہشت گردوں کا مقابلہ کیا، وہ پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور عزم ایمان کی روشن مثال ہے۔ انہوں نے کیپٹن نعمان سلیم اور ان کے پانچ ہمراہی جوانوں کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا، انہوں نے کہا کہ بھارتی سرپرستی یافتہ دہشت گرد پاکستان کے امن اور استحکام کے دشمن ہیں، مگر قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بلوچستان کے عوام اور حکومت مکمل طور پر پاک فوج، ایف سی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ عزم استحکام کے تحت جاری انسداد دہشت گردی مہم دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملانے تک جاری رہے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان


جلد 29 جمعرات 30 اکتوبر 2025ء بمطابق 07 جمادی الاول 1447ھ قیمت 20 روپے شمارہ 296

# انسداد دہشتگردی مہم دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملانے تک جاری رہے گی، وزیراعلیٰ

## کرم میں بہادر سپوتوں نے دلیری سے مقابلہ کیا بلوچستان کے عوام اور حکومت مکمل طور پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ ہیں

## شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا قوم ان کی قربانیوں پر فخر کرتی ہے، اور ان کے اہل خانہ کو کبھی تنہا نہیں چھوڑا جائے گا، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کرم کے علاقے ڈوگر میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے بھارتی سرپرستی یافتہ خوارج کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ وطن عزیز کے بہادر سپوتوں نے جس دلیری اور قربانی کے جذبے سے دہشت گردوں کا مقابلہ کیا، وہ پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور عزم ایمان کی روشن مثال ہے۔ انہوں نے کیپٹن نعمان سلیم اور ان کے پانچ ہمراہی جوانوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا انہوں نے کہا کہ بھارتی سرپرستی یافتہ دہشت گرد عناصر پاکستان کے امن اور استحکام کے دشمن ہیں، مگر قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بلوچستان کے عوام اور حکومت مکمل طور پر پاک فوج، ایف سی، اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ "عزم استحکام" کے تحت جاری انسداد دہشت گردی مہم دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملانے تک جاری رہے گی۔ انہوں نے شہداء کے خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قوم ان کی قربانیوں پر فخر کرتی ہے، اور ان کے اہل خانہ کو کبھی تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔



اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بزرگ قبائلی شخصیت وڈیرہ شیر محمد بگٹی کی عیادت کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

e No. 7

روزنامہ میزان کوئٹہ

بانی: مولانا عبدالکریم

بیاد: جمیل الرحمٰن

چیف ایڈیٹر: برکت علی

جلد 77 | جمعرات 30 اکتوبر 2025ء، 07 جمادی الاول 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 58


# دہشتگرد عناصر پاکستان کے امن و استحکام کے دشمن ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

وطن عزیز کے بہادر سپوتوں نے جس دلیری اور قربانی کے جذبے سے دہشت گردوں کا مقابلہ کیا، وہ پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور عزم ایمان کی روشن مثال ہے

**میر سرفراز بگٹی کا کرم کے علاقے ڈوگر میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے بھارتی سرپرستی یافتہ خوارج کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کرم کے علاقے ڈوگر میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے بھارتی سرپرستی یافتہ خوارج کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ وطن عزیز کے بہادر سپوتوں نے جس دلیری اور قربانی کے جذبے سے دہشت گردوں کا مقابلہ کیا، وہ پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ

(بقیہ 4 صفحہ 2پر)

ورانہ مہارت اور عزم ایمان کی روشن مثال ہے۔ انہوں نے کیپٹن نعمان سلیم اور ان کے پانچ ہمراہی جوانوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہدا کا خون رائیگاں نہیں جائے گا انہوں نے کہا کہ بھارتی سرپرستی یافتہ دہشت گرد عناصر پاکستان کے امن اور استحکام کے دشمن ہیں، مگر قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بلوچستان کے عوام اور حکومت مکمل طور پر پاک فوج، ایف سی، اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ "عزم استحکام" کے تحت جاری انسداد دہشت گردی مہم دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملانے تک جاری رہے گی۔ انہوں نے شہداء کے خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قوم ان کی قربانیوں پر فخر کرتی ہے، اور ان کے اہل خانہ کو کبھی تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔

CamScanner

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر 24 | جمعرات 30 اکتوبر 2025ء بمطابق 07 جمادی الاول 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 296

## کرم میں سیکورٹی فورسز کو آپریشن پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں، سرفراز بگٹی

### کیپٹن نعمان سلیم اور ان کے پانچ ہمراہ جوانوں کی شہادت پر گہرا دکھ ہوا

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کرم کے علاقے ڈوگر میں سیکورٹی فورسز کی جانب سے بھارتی سرپرستی والے خوارج کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاک فوج کے (بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 2 پر)

بہادر جوانوں نے جس دلیری اور قربانی کے جذبے سے دہشت گردوں کا مقابلہ کیا وہ پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور عزم و ایمان کی روشن مثال ہے۔ انہوں نے کیپٹن نعمان سلیم اور ان کے پانچ ہمراہ جوانوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا انہوں نے کہا کہ بھارتی سرپرستی والے دہشت گرد دراصل پاکستان کے امن اور استحکام کے دشمن ہیں مگر قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بلوچستان کے عوام اور حکومت مکمل طور پر پاک فوج، ایف سی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ "عزم استحکام" کے تحت جاری انسداد دہشت گردی مہم دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملانے تک جاری رہے گی۔ انہوں نے شہداء کے خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قوم ان کی قربانیوں پر فخر کرتی ہے اور ان کے اہل خانہ کو بھی تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔

CamScanner

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | جمعرات 30 اکتوبر 2025ء، 7 جمادی الاول 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 297

# اعلیٰ تعلیم کے فروغ کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائیں گے

**وزیراعلیٰ بلوچستان**

## وزیراعلیٰ بلوچستان سے میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی کے وائس چانسلر کی ملاقات، حکومت یونیورسٹیوں کی ترقی کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی، میر سرفراز بگٹی

## محکمہ خزانہ یونیورسٹی کے مالی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کے لیے مکمل معاونت فراہم کرے گا، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی

سبی (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ممتاز علی بلوچ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں یونیورسٹی کے مالی، تعلیمی، ٹرانسپورٹ اور انتظامی امور سمیت طلبہ و طالبات کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وائس چانسلر نے وزیراعلیٰ کو ادارے کی موجودہ صورتحال، جاری ترقیاتی منصوبوں، تدریسی معیار میں بہتری اور تعلیمی کارکردگی کو مؤثر بنانے کے اقدامات سے آگاہ کیا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے یونیورسٹی کی کارکردگی اور وائس چانسلر کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت اعلیٰ تعلیم کے فروغ اور طلبہ کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے گی۔ دریں اثنا وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ممتاز علی بلوچ نے وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب خان نوشیروانی سے بھی ملاقات کی، جس میں یونیورسٹی کے مالی مسائل اور چیلنجز پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ وزیر خزانہ نے یقین دہانی کرائی کہ محکمہ خزانہ یونیورسٹی کے مالی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کے لیے مکمل معاونت فراہم کرے گا۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی سید فیصل آغا کی والدہ کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 30 OCT 2025 Page No. 15

## عوام کی خدمت اور صوبے کی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے، سردار کھیتران

### عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے تمام ادارے مل کر کام کر رہے ہیں، انجینئر زمرک سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ سردار عبدالرحمن کھیتران سے رکن صوبائی اسمبلی زمرک خان اچکزئی نے منسٹر پی ایچ ای آفس میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، صوبے کی سیاسی صورتحال اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق مختلف معاملات پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ عوام کی خدمت اور صوبے کی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے تمام ادارے مل کر کام کر رہے ہیں۔ رکن اسمبلی زمرک خان اچکزئی نے بھی صوبے میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں اور عوامی بہبود کے منصوبوں پر اطمینان کا اظہار کیا۔ دونوں رہنماؤں نے اتفاق کیا کہ عوامی مفاد میں باہمی رابطوں اور تعاون کو مزید فروغ دیا جائے گا۔

MASHRIQ QUETTA

## حاجی نور محمد دمڑ کیخلاف سوشل میڈیا پر جھوٹا پروپیگنڈہ کیا جارہا ہے، ترجمان

### سیاسی مخالفین انکی مقبولیت سے حواس باختہ ہوکر اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ کے ترجمان نے اپنے جاری کردہ بیان میں دی بلوچستان ٹیلس سوشل میڈیا آئی فیس بک ڈی ایچ پر حلقہ......

بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

پی بی سات زیارت کم ہرنائی کے منتخب رکن صوبائی اسمبلی صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ کے خلاف چلنے والی خبر کو یکسر مسترد کرتے ہوئے اس سے جھوٹ اور حتمی پراپیگنڈہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر صوبائی وزیر کے خلاف جو جھوٹا اور منفی پروپیگنڈہ کیا جارہا ہے دراصل یہ حاجی نور محمد خان دمڑ کا بلوچستان کے سیاست اور عوامی مقبولیت میں روز بروز اضافہ ہے اور حاجی نور محمد خان دمڑ کا شمار صوبے کے اہم سیاستدانوں میں ہونے اور مقام رکھنے کی وجہ سے سیاسی مخالفین انکی مقبولیت اور مخالفین کو ہر میدان میں شکست دینے کی وجہ سے اب وہ حواس باختہ ہوکر انکے خلاف سوشل میڈیا کا سہارا لیکر منفی جھوٹ پر مبنی پروپیگنڈہ کررہے ہیں جس میں کوئی صداقت نہیں ہے بلکہ حاجی نور محمد خان دمڑ کا حلقہ میں گزشتہ اور موجودہ حکومت میں جو ترقیاتی منصوبے منظور کروائے ہے وہ زمین پر موجود ہے جس کا مخالفین تصدیق کرتے ہے بیان میں کہا ہے کہ حاجی نور محمد خان دمڑ نے گزشتہ اور موجودہ دور میں جو ترقیاتی منصوبے منظور کروائے ہے وہ زمین پر بھی موجود ہے ریکارڈ پر بھی موجود ہے ماضی کی نام نہاد مسترد شدہ مذہبی اور قوم پرست جماعتوں کی طرح نہیں کہ ترقیاتی منصوبے فائلوں کی حد محدود ہوتے اور عوامی منصوبوں کے فنڈز فائلوں میں ظاہر کر کے عوامی فلاح بہبود کیلئے منظور کردہ رقم اپنے زاتی کاروبار کو بڑھانے میں خرچ ہوتے تھے اور اپنے کاروبار اور بینک بیلنس کو بڑھا رہے تھے لیکن حاجی نور محمد خان دمڑ کی کا حلقہ سے پہلے اور دوسرے بار کامیابی کے بعد اب چونکہ مخالفین کا حلقہ انتخاب سیاسی جنازہ نکل چکا ہے اور طاقت اور مقبولیت کھو گئے تو اب سوشل میڈیا کے زریعے حاجی نور محمد خان دمڑ کے خلاف بے بنیاد من گھڑت کہانیاں بنا کر انکی سیاسی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی ناکام کوشش کررہے لیکن اب عوام باشعور ہوچکے ہے وہ اچھے اور برے کی پہچان کرسکتے ہے

## حکومت بلوچستان عوامی مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ ہے، میر سلیم کھوسہ

### صوبے کی ترقی و خوشحالی کیلئے تمام سیاسی جماعتیں اور قبائلی زعماء ساتھ دیں

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ ملک کی بہتری اور صوبے کی خوشحالی کے لیے بلوچستان کی حکومت عوامی مسائل حل اور دیگر معاملات کے لیے سنجیدگی کے ساتھ معاملات طے کر......

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

رہی ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ اس صوبے کی ترقی و خوشحالی کے لیے دیگر سیاسی جماعتیں اور قبائلی زعماء بھی ساتھ دیں تاکہ ملک دشمن عناصر کی سازشیں ناکام بنانے کے لیے ملکر کوشش کریں اس خطے کے لیے سیکورٹی فورسز اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے جو قربانی دی ہے وہ قابل ستائش ہے جس پر ہم انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں' یہ بات انہوں نے صحافیوں کی ایک گروپ سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک خوشحال اور پرامن صوبہ ہے یہاں پر رہنے والے اقوام آپس میں بھائی جیسے زندگی گزار رہی ہے موجودہ حکومت کی بھی یہی خواہش اور وژن ہے

## چمن میں 9 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی ریلوے اراضی واگزار

### ریلوے کی زمین پر قبضے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی، حنیف عباسی

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کی ہدایت پر ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے کوئٹہ ڈویژن عمران حیات کی نگرانی میں ڈویژنل ایگزیکٹو انجینئر 1 کی سربراہی......

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

میں خصوصی ٹیم نے کوئٹہ کے سرحدی شہر چمن میں 9 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی 12.1 ایکڑ سرکاری اراضی غیر قانونی قبضے سے واگزار کرائی اس موقع پر ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے عمران حیات نے بتایا کہ یہ آپریشن وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کی خصوصی ہدایت پر ریلوے کی زمینوں پر قائم غیر قانونی تجاوزات کے خلاف جاری مہم کا ایک تسلسل ہے جو تواتر کے ساتھ ملک بھر کی طرح کوئٹہ اور صوبے میں جاری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریلوے کی زمین پر قابض عناصر کے خلاف یہ آپریشن آئندہ بھی بھرپور انداز میں جاری رہے گا کسی کو بھی ریلوے کی زمین پر قبضہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. ۱

Dated: 30 OCT 2025

Page No. ۲۱

## پاکستان پیپلز پارٹی ایک قومی، جمہوری اور عوامی جماعت ہے، فیصل جمالی

### عوام کی خدمت اور ملکی ترقی پیپلز پارٹی کے نظریے اور وژن کا بنیادی جز ہے

کوئٹہ اوستا محمد (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما وصوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی ایک قومی، جمہوری اور عوامی جماعت ہے جو ہر دور میں عوام کی خدمت کو اپنا نصب العین سمجھتی ہے۔ عوام کی خدمت اور ملکی ترقی پیپلز پارٹی کے نظریے اور وژن کا بنیادی جز ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی قیادت......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

بلاول بھٹو زرداری کی ہدایت پر بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے جامع حکمت عملی کے تحت عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ بلوچستان کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، روزگار کے مواقع، تعلیم و صحت کے شعبوں میں بہتری اور عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ صوبائی وزیر سردارزادہ فیصل خان جمالی نے ان خیالات کا اظہار اپنے حلقہ انتخاب کے عمائدین اور معززین پر مشتمل ایک وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے وزراء بلوچستان کے عوام کے اصل نمائندے ہیں

## غیر نصابی سرگرمیاں طلبہ کی صلاحیتوں کو جلا بخشتی ہیں، نوابزادہ زرین مگسی

### لسبیلہ یونیورسٹی میں لس یوتھ فیسٹیول، پارلیمانی سیکریٹری سیاحت وثقافت نے دورہ کیا

اوتھل (این این آئی) لسبیلہ یونیورسٹی میں لس یوتھ فیسٹیول کی منعقدہ تقریب میں پارلیمانی سیکریٹری سیاحت وثقافت حکومت بلوچستان نوابزادہ زرین خان مگسی نے خصوصی شرکت کی اور انہوں نے لگائے گئے مختلف اسٹالز کا دورہ کیا اور جائزہ لیا۔ طلباء ونو......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

جوانوں سے ملاقات کی۔ انہوں نے اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسطرح کے ثقافتی اور غیر نصابی سرگرمیوں اور پروگرامز کے انعقاد سے نوجوانوں وطلباء وطالبات میں تخلیقی صلاحیتوں کو مزید فروغ دیا جاسکتا ہے اور یہ پروگرام لسبیلہ کی ثقافت کو اجاگر کر سکتے ہیں اور ایسے فیسٹیول نوجوانوں میں تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا ایک نہایت مؤثر ذریعہ ہے۔ اس طرح کے پروگرامز کے ذریعے نہ صرف نوجوانوں کی صلاحیتوں کو ملکی سطح پر روشناس کیا جاسکتا ہے بلکہ اس سے لسبیلہ کی منفرد ثقافت وتہذیب کو بھی فروغ ملتا ہے اور عالمی سطح پر اس کی پہچان بنائی جاسکتی ہے

## صوبے میں طبی سہولیات کی بہتری کیلئے اقدامات جاری ہیں، بخت محمد کاکڑ

### عوام کو صحت کی معیاری سہولیات دینا حکومتِ بلوچستان کی اولین ترجیح ہے، صوبائی وزیر صحت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے کے عوامی صحت کے نظام میں بہتری کے لیے قابل قدر اقدامات کیے جا رہے ہیں صوبے کے تمام اضلاع میں بنیادی صحت کے مراکز کی بحالی، ادویات کی فراہمی اور ڈاکٹرز......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

کی حاضری یقینی بنانے کے لیے جامع منصوبہ بندی شروع کر دی گئی ہے۔ یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ عوام کو صحت کی معیاری سہولیات دینا حکومتِ بلوچستان کی اولین ترجیح ہے، اور اس مقصد کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں دیہی علاقوں میں ماں اور بچے کی صحت کے پروگرامز پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ ہر شہری کو بنیادی طبی سہولت اس کی دہلیز پر میسر ہو

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 30 OCT 2025 Page No. 12

## سفری پابندیاں ختم نہ کرنے پر سردار اختر مینگل توہین عدالت کی درخواست دائر کرینگے

**بی این پی کے سربراہ نے توہین عدالت کی درخواست دائر کرنے کیلئے سندھ ہائیکورٹ سے بائیومیٹرک کروائی**

خضدار (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل کو بیرون ملک سفر سے روکنے کا معاملہ۔ تفصیلات کے مطابق بی این پی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل کی سندھ ہائی کورٹ آمد۔ سردار اختر جان مینگل نے سندھ ہائی کورٹ میں بائیو میٹرک تصدیق کروا دی عدالتی حکم کے باوجود سفری پابندیاں ختم نہ کرنے پر بلوچستان ہائی کورٹ میں توہین عدالت کی درخواست دائر کر رہے ہیں، سردار اختر مینگل کے وکیل مظفر بروہی کا کہنا ہے کہ توہین عدالت کے درخواست کے لیے ضروری بائیومیٹرک سندھ ہائی کورٹ سے کروائی ہے۔

## بلوچستان کی ترقی کیلئے سرکاری اداروں اور نجی شعبے کا اشتراک ناگزیر ہے، بلال کاکڑ

**سرمایہ کاری کے نئے منصوبوں سے بلوچستان کی ترقی میں ایک نیا باب رقم ہوگا، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ سرکاری اداروں اور نجی شعبے کے درمیان اشتراک بلوچستان کی معاشی ترقی کے لیے ناگزیر ہے سرمایہ کاری کے نئے منصوبوں سے بلوچستان کی ترقی میں ایک نیا باب رقم ہوگا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے پی پی پی ماڈل کے تحت جاری جھینگا فارمنگ منصوبے کی پیش رفت سے متعلق اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اجلاس میں بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے سی ای او قائم لاشاری، بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے سی ای او ڈاکٹر فیصل خان اور دیگر متعلقہ حکام موجود تھے، اجلاس میں ساحلی علاقے ڈام میں مجوزہ 5 ارب روپے کے جھینگا فارمنگ منصوبے پر اب تک ہونیوالی پیشرفت اور جلد فعال کرنے سے متعلق اقدامات پر گفتگو کی گئی۔ فریقین نے پاکستان انٹرنیشنل میری ٹائم ایکسپو اینڈ کانفرنس (PIMEC) 2025 کی تیاریوں کا بھی جائزہ لیا، جو 3 تا 5 نومبر 2025 کو کراچی میں منعقد ہوگی۔ پائمیک 2025 بلوچستان میں سمندری معیشت اور سرمایہ کاری کے مواقع اجاگر کرنے کے لیے اہم پلیٹ فارم ثابت ہوگا۔

## کوئٹہ ائیرپورٹ سے انٹرنیشنل فلائٹس کے نئے دور کا آغاز

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر انٹرنیشنل فلائٹس کے ایک نئے دور کا آغاز ہو چکا ہے جس سے یہ ثابت ہو رہا ہے کوئٹہ شہر پورے خطے میں ہوائی سفر کے ایک اہم مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے۔ اس سلسلے میں آج بروز بدھ رات 9:30 بجے گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر زاہدان تو کوئٹہ افتتاحی فلائٹ کے مسافروں کا پرتپاک استقبال کریں گے۔ اس موقع پر ایرانی قونصل جنرل محمد کرکی اور صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی بھی گورنر بلوچستان کے ہمراہ ہونگے جو تعاون، تجارت اور ثقافتی تبادلے کے ایک نئے باب کی علامت ہے۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ مذکورہ تقریب کی کوریج کیلئے صرف پی ٹی وی نیوز ٹیم کو مدعو کیا گیا ہے لیکن آپکے ساتھ فوری طور پر فوٹوز اینڈ فوٹیج گورنر بلوچستان آفیشل ویب سائٹ اور ڈی جی پی آر کے ذریعے شیئر کیا جائے گا۔

INTEKHAB QUETTA

## کوئٹہ انتظامیہ کی کارروائیاں، منی پیٹرول پمپس سیل، ممنوعہ پلاسٹک تھیلے ضبط

**62 دکانوں کا معائنہ، 13 افراد گرفتار، 17 دکانداروں پر جرمانے، سب ڈویژنز میں بیک وقت کارروائیاں**

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے شہر بھر میں پرائس کنٹرول، منی پیٹرول پمپس اور ممنوعہ پلاسٹک تھیلوں کے خلاف کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ کی مختلف ٹیموں نے شہر کے متعدد علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 62 دکانوں کا

بقیہ نمبر 15 صفحہ 5 پر

معائنہ کیا، 13 افراد کو گرفتار کر کے جیل منتقل کیا گیا جبکہ 130 کلوگرام ممنوعہ پلاسٹک تھیلے ضبط کر لیے گئے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق کارروائیوں کے دوران 17 دکانداروں پر جرمانے عائد کیے گئے 08 منی پیٹرول پمپس سیل کیے گئے اور متعدد دکانداروں کو تنبیہی [illegible] جاری کی گئیں۔ یہ کارروائیاں ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی نگرانی میں تمام سب ڈویژنز میں بیک وقت کی گئیں۔ سب ڈویژن [illegible] میں کارروائی کی قیادت اسپیشل مجسٹریٹ [illegible] نے کی، سب ڈویژن [illegible] میں اسپیشل مجسٹریٹ [illegible] اور [illegible] نے نگرانی کی، سب ڈویژن چلتن میں اسسٹنٹ کمشنر [illegible] جبکہ سب ڈویژن صدر میں اسپیشل مجسٹریٹ [illegible] نے کارروائی کی نگرانی کی۔

## شہری صفائی مہم میں انتظامیہ کا ساتھ دیں، میئر اوستہ محمد

اوستہ محمد (این این آئی) میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد میئر مظفر خان جمالی، ڈپٹی میئر حاجی خان پال اور دیگر افسران کی موجودگی میں صوبائی حکومت کی جانب سے صفائی کے لیے چار ڈالا رکشے، دو موزوکی گاڑیاں اور ایک ٹریکٹر ڈوزر فراہم کرنے پر مشینری کا افتتاح کیا گیا اس موقع پر میئر مظفر خان جمالی اور ڈپٹی میئر حاجی خان پال نے کہا کہ بجٹ ریلیز میں تاخیر اور تنخواہوں کی عدم فراہمی کی وجہ سے صفائی مہم نہیں ہونے کی وجہ سے مشکلات درپیش تھے بجٹ کی منظوری اور مشینری آنے کے بعد صفائی مہم شروع کر دی گئی ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ شہر کو صاف ستھرا رکھنے میں انتظامیہ کا بھرپور ساتھ دیں۔ افتتاحی تقریب میں کونسلرز، سماجی شخصیات اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اس اقدام کو شہر کی ترقی کی جانب ایک مثبت قدم قرار دیا۔

## پنجگور، مسائل کے حل کیلئے انتظامیہ کا گوارگو میں کھلی کچہری کا انعقاد

**روزگار کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے بارڈر جلد از جلد کھولا جائے شہریوں کی انتظامیہ سے اپیل**

پنجگور (نامہ نگار) گورنمنٹ ہائی اسکول فتح علی بازار گوارگو میں ڈپٹی کمشنر پنجگور عبدالکبیر زرکون کی ہدایت پر ایک کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا اجلاس کی صدارت اسسٹنٹ کمشنر گوارگو، آغا ظفر نے کی۔ اس موقع پر بریگیڈیئر ظفر، کرنل شاہد مدثر اور گوارگو کے معزز عبدالغفار، ڈی ایس پی جاوید، محکمہ صحت، اور محکمہ روڈ نمائندگان نے شرکت کی اس دوران کھلی کچہری سے ذمہ داران نے خطاب کرتے ہوئے کہا کھلی کچہری کا مقصد عوامی مسائل و شکایات کو سننا اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنا تھا۔ عوام کی بڑی تعداد نے اس موقع پر شرکت کی، جن میں چیئرمین گوارگو محمد اشرف، میر محمد اعظم رئیس اور دیگر معززین شامل تھے۔ اجلاس میں علاقے کے تعلیمی، صحت کے مسائل پر تفصیلی گفتگو کی گئی اور ان کے حل کے لیے یقین دہانیاں کرائی گئیں۔ اس کے علاوہ امن و امان، محکمہ صحت اور تعلیمی معاملات اور دیگر متعلقہ محکموں سے متعلق مسائل پر بھی بات چیت ہوئی۔ بارڈر کے معاملات پر بھی غور کیا گیا اور عوام کی روزگار کے مواقع کے لیے بارڈر کو جلد از جلد کھولنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔

## اوستہ محمد، بنیادی مرکز صحت چوکی کیلئے جدید مشینری کی فراہمی

اوستہ محمد (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر پی پی ایچ آئی ضلع اوستہ محمد عثمان خان جمالی کی خصوصی کاوشوں اور مسلسل جدوجہد کے نتیجے میں پروونشل ٹی بی پروگرام بلوچستان کی جانب سے بنیادی مرکز صحت (BHU) چوکی جمالی کے لیے جدید ٹی بی تشخیصی مشین (Micro-SCOPE) فراہم کی گئی ہے۔ اس جدید مشین کی تنصیب سے اب ٹی بی (Tuberculosi) کے مشتبہ مریضوں کی تشخیص چوکی جمالی جیسے دور دراز اور پسماندہ علاقے میں ہی ممکن ہو سکے گی، جس سے نہ صرف مریضوں کو بروقت علاج کی سہولت ملے گی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 30 OCT 2025 Page No. 13

## کسٹمز کی کارروائیاں، کروڑوں روپے مالیت چاندی کی اسمگلنگ ناکام بنادی

**یارو میں ٹویوٹا گاڑی کی تلاشی لینے پر 40 عدد خالص چاندی کی اینٹیں اور 36 عدد بسکٹ برآمد ہوئے**

**کوئٹہ، کراچی اور گڈانی کی فیلڈ فارمیشنز نے بڑی مقدار میں اسمگل شدہ چاندی اور گاڑیاں ضبط کر لیں**

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) پاکستان کسٹمز نے مختلف علاقوں میں بڑی کارروائیاں کرتے ہوئے کروڑوں روپے مالیت چاندی کی اسمگلنگ کی متعدد کوششیں ناکام بنا دیں۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ چیف کلکٹریٹ آف کسٹمز (انفورسمنٹ) اسلام آباد کی ہدایت پر کوئٹہ، کراچی اور گڈانی کی فیلڈ فارمیشنز نے مربوط کارروائیوں کے دوران بڑی مقدار میں اسمگل شدہ چاندی اور اسمگلنگ میں استعمال ہونے والی گاڑیاں ضبط کر لیں۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ مصدقہ خفیہ اطلاع پر کلکٹوریٹ آف کسٹمز (انفورسمن ...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

ٹ) کوئٹہ نے یارو کے علاقے میں ایک ٹویوٹا گاڑی کو روکا، جس کی تلاشی لینے پر اس سے 40 عدد خالص چاندی کی اینٹیں اور 36 عدد بسکٹ برآمد ہوئے، جن کا مجموعی وزن 49 کلوگرام تھا۔ مزید بتایا کہ ضبط شدہ اشیا اور گاڑی کی مجموعی تخمینہ مالیت تقریباً 2 کروڑ 67 لاکھ 60 ہزار روپے ہے، برآمد شدہ سامان اور گاڑی کو تحویل میں لے لیا گیا ہے اور مزید تحقیقات جاری ہیں۔ ایف بی آر اعلامیے کے مطابق مصدقہ خفیہ معلومات پر مبنی دو علیحدہ کارروائیوں میں کلکٹوریٹ آف کسٹمز (انفورسمنٹ) کراچی نے موچکو چیک پوسٹ آر سی ڈی ہائی وے پر اسمگلنگ کی بڑی کوششیں ناکام بناتے ہوئے مجموعی طور پر 45 کلو اسمگل شدہ چاندی برآمد کی، جس کی مالیت 2 کروڑ 10 لاکھ روپے سے زائد ہے۔ اعلامیے میں بتایا گیا

## کوئٹہ شہر میں ٹریفک سے متعلق مسائل کے حل کیلئے حکام کی مشاورت

**کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی زیر صدارت اجلاس میں ٹریفک کی روانی بہتر بنانے اور شہریوں کو مشکلات سے نجات دلانے کیلئے متعدد اہم فیصلے کیے گئے**

**شہر میں ٹریفک کے دباؤ کی بنیادی وجوہات کو دور کرنے کیلئے متعلقہ ادارے باہمی مشاورت سے جامع حکمت عملی مرتب کریں، شاہ زیب خان کاکڑ**

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب خان کاکڑ کی زیر صدارت کوئٹہ شہر میں بڑھتے ہوئے ٹریفک رش اور اس کے مسائل کے حل کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی، ایس ایس پی ٹریفک کوئٹہ محمد سمیع، ڈائریکٹر بی ٹی اے بی شکیل احمد، ڈی ایس پی ٹریفک سیف اللہ، چیف انجینئر میٹروپولیٹن کارپوریشن اسحاق مینگل، ایس پی ٹریفک صدر سید عاصم علی اور ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں کوئٹہ شہر میں ٹریفک کے دباؤ، بالخصوص اسکولوں کے اوقات کار اور شا...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

م کے مصروف وقت میں پیدا ہونے والی مشکلات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ٹریفک کی روانی بہتر بنانے اور شہریوں کو مشکلات سے نجات دلانے کے لیے متعدد اہم فیصلے کیے گئے۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب خان کاکڑ نے کہا کہ شہر میں ٹریفک کے دباؤ کی بنیادی وجوہات کو دور کرنے کے لیے تمام ادارے باہمی رابطے میں رہیں اور ایک جامع حکمت عملی مرتب کریں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ گورنمنٹ گرلز کالج اور زرغون روڈ پر قائم تعلیمی اداروں کے منتظمین سے مشاورت کی جائے تاکہ چھٹی کے اوقات میں ٹریفک کے دباؤ کو مؤثر انداز میں قابو کیا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہر بھر میں غیر فعال ٹریفک سگنلز کو فوری طور پر فعال کیا جائے جبکہ نئے سگنلز کی تنصیب کا عمل تیز کیا جائے

## بلوچ خواتین نے ہمیشہ معاشرتی ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا، مقررین

**تعلیم طب، بیوروکریسی، سیاست، انتظامی امور سمیت ہر شعبہ زندگی میں بلوچ باہمت خواتین نے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے**

**خواتین مشکلات کے سامنے ہمت نہ ہاریں، میر ظہور بلیدی، ڈاکٹر مالک، مینا مجید بلوچ، ماہ جبین شیران ودیگر کا سیمینار سے خطاب**

تربت (خ ن) ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کے زیر اہتمام کیچ میں "معاشرتی ترقی میں بلوچ خواتین کا کردار" کے موضوع پر ایک اہم سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس کا مقصد بلوچستان کی خواتین کے معاشرتی وسماجی کردار اور علاقائی ترقی میں ان کی شمولیت کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔ تقریب میں صوبائی وزیر منصوبہ بندی وترقی میر ظہور احمد بلیدی، سابق صوبائی وزیر میر اسلم بلیدی، ارکان بلوچستان اسمبلی، مقامی سیاسی رہنما، سول انتظامیہ، سیکورٹی اداروں کے نمائندے، اساتذہ، ڈاکٹرز، دانشور اور طالبات سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

تقریباً 200 خواتین نے شرکت کی۔ سیمینار کے پینل میں ممبر صوبائی اسمبلی اور سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، صوبائی وزیر کھیل وامور نوجوانان مینا مجید، سابق رکن بلوچستان اسمبلی ماہ جبین شیران اور یونیورسٹی آف بلوچستان کی پروفیسر ڈاکٹر شاہدہ حبیب شامل تھیں۔ پینل ارکان نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچ خواتین نے ہمیشہ معاشرتی ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ وہ باہمت، باحوصلہ اور ہر میدان میں مردوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 30 OCT 2025 Page No. 4

# سیف سٹی پراجیکٹ میں مالی بے ضابطگیاں، پی اے سی کا چیف سیکرٹری کو انکوائری کا حکم

**کمیٹی نے 230.336 ملین روپے کی غیر قانونی ایڈوانس ادائیگی کا نوٹس لیتے ہوئے 15 دن کے اندر مکمل ریکوری یقینی بنانے کی ہدایت کی**

**800 کیمروں میں سے 600 غیر فعال ہیں، آڈٹ پیراز کو ڈپارٹمنٹل اکاؤنٹس کمیٹی میں پیش کئے بغیر براہ راست پی اے سی کو ارسال کیا گیا**

**کمیٹی خود منصوبے کا معائنہ کرے گی، انکوائری بروقت اور تسلی بخش نہ ہوئی تو معاملہ نیب کے سپرد کیا جائیگا، چیئرمین اصغر علی ترین کا اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین اصغر علی ترین کی زیر صدارت ہوا، جس میں کوئٹہ سیف سٹی پراجیکٹ، انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات اور محکمہ اطلاعات سے متعلق آڈٹ پیراز پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں کمیٹی کے ارکان ولی محمد نورزئی، غلام دستگیر بادینی، محمد خان لہڑی، صفیہ بی بی، محمد ایاز مندوخیل سیکرٹری سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، عمران خان سیکرٹری انفارمیشن، ڈی جی آڈٹ بلوچستان شجاع علی، ڈی آئی جی جیل خانہ جات ضیا ترین، ایڈیشنل سیکرٹری پی اے سی سراج لہڑی، ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ قانون سعید اقبال، ڈی جی پی آر ........ بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان محمد نور کھیتران، چیف اکاؤنٹس آفیسر پی اے سی سید محمد ادریس اور دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس کے پہلے مرحلے میں کوئٹہ سیف سٹی پراجیکٹ سے متعلق آڈٹ پیراز پر تفصیلی غور کیا گیا، جس میں 2.280 ملین روپے کے غیر قانونی ٹھیکے کے اجراء پر سخت تشویش کا اظہار کیا گیا۔ پراجیکٹ ایس سی او کو دیا گیا، جبکہ این آر ٹی سی نے تکنیکی و مالی بنیادوں پر زیادہ نمبر حاصل کئے تھے (85.8 بمقابلہ 76.8)۔ کمیٹی نے اس عمل کو بلوچستان پبلک پروکیورمنٹ رولز 2014 کی کھلی خلاف ورزی قرار دیا۔ چیئرمین اصغر علی ترین نے کہا کہ 800 کیمروں میں سے 600 غیر فعال ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3    Dated: 30 OCT 2025    Page No. 15

## بلوچستان اور خیبر پختونخوا گورننس کے بدترین بحران سے دوچار ہیں، مولانا واسع

**محکمے مفلوج، امن تباہ، عوام کی حالت زار مایوس کن حد تک پہنچ چکی، آغا محمود شاہ کے ہمراہ مشترکہ بیان**

کوئٹہ (این این آئی) امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع اور جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا اس وقت بدترین گورننس بحران کا شکار ہیں، امن وامان تباہ ہو چکا ہے، محکمے مفلوج ہو چکے ہیں اور عوام کی حالت زار مایوس کن حد تک پہنچ چکی ہے۔ موجودہ حکومت اپنی دو سالہ کارکردگی عوام کے سامنے پیش کرے کہ بلوچستان کو کیا دیا گیا، کون سا ترقیاتی منصوبہ فراہم کیا گیا، وفاق میں بلوچستان کے حق میں کون سا مقدمہ لڑا گیا، اور عوامی بہبود کے لیے کون سی عملی کاوشیں کی گئیں؟ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کا یہ موقف کہ بلوچستان کا اصل مسئلہ انتخابی دھاندلی نہیں بلکہ بدانتظامی (بیڈ گورننس) ہے، دراصل ایک فرار کا بہانہ ہے۔ حکومت بتائے کہ اس کی اپنی کارکردگی کیا رہی ہے؟ بدانتظامی کا یہ بحران تو جے یو آئی کے دور حکومت کے بعد ہی پروان چڑھا ہے۔ ہمارے دور حکومت میں بیڈ گورننس کا یہ تصور موجود نہیں تھا، کیونکہ اس وقت نظام میرٹ، شفافیت، اور عوامی خدمت کے اصولوں پر استوار تھا۔ سوال یہ ہے کہ پچھلے تین ادوار میں یہ بیڈ گورننس کا کلچر کیسے اور کیوں پروان چڑھا؟ اس کے پس پردہ عوامل کیا ہیں اور اس کا تدارک کس طرح ممکن ہے؟ ان تمام پہلوؤں پر سنجیدگی سے بات کی جانی چاہیے تاکہ صوبہ دوبارہ ترقی کی راہ پر گامزن ہو۔ ریکوڈک منصوبے کے حوالے سے پوری دنیا نے دیکھا کہ جمعیت نے اپنے حقوق کے دفاع میں اقتدار قربان کیا مگر اصولوں سے پیچھے نہیں ہٹی۔ سی پیک کے معاملے پر ہمارے موقف کی سزا ہمیں آج اقتدار سے محرومی کی صورت میں دی جا رہی ہے، مگر ہمیں اس پر کوئی ندامت نہیں۔

## اورماڑہ میں شہریوں کے مسائل حل کیے جائیں گے، ہدایت الرحمٰن

**ڈی سی گوادر تحصیل اورماڑہ کو سیٹلمنٹ ریکارڈ میں وارڈ وار تقسیم کریں، جماعت کے ذمہ داران سے گفتگو**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ اورماڑہ کے شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ ماہی گیروں کے لیے مختص 1200 ایکڑ زمین پر فوری عملدرآمد یقینی بنائی اور اورماڑہ میں ری سیٹلمنٹ کا عمل جلد از جلد شروع کیا جائے تاکہ مقامی آبادی کو فائدہ پہنچ سکے۔ یہ بات انہوں نے اورماڑہ میں جماعت کے ذمہ داران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈی سی گوادر تحصیل اورماڑہ کو سیٹلمنٹ ریکارڈ میں وارڈ وار تقسیم کریں تاکہ انتظامی معاملات اور عوامی سہولت میں بہتری لائی جا سکے۔ حالیہ بارشوں اور طوفان سے متاثرہ زمینداروں کے لیے ٹریکٹر گھنٹوں کا بندوبست کیا جائے تاکہ وہ دوبارہ کاشتکاری کر سکیں۔ اورماڑہ کے مکین پانی کی شدید قلت کا سامنا کر رہے ہیں جس کی بڑی وجہ پبلک ہیلتھ کے محکمے میں لیول کی قلت اور این او سی نہ ملنے کے باعث 500 سے زائد گھرانے پانی کی سہولت سے محروم ہیں۔ قبرستان میں درختوں کی کٹائی کا بھی انتظام کیا جائے۔ قبل ازیں انہوں نے آر ایچ سی سربندن کا اچانک دورہ کیا، اس موقع پر یو سی چیئرمین نصیب نوشیروانی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران انہوں نے میڈیکل افسر ڈاکٹر ماہوش اور دیگر عملے سے ملاقات کی اور ہسپتال میں دستیاب طبی خدمات اور بنیادی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈاکٹر مہوش نے انہیں اسپتال کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا جن میں ادویات کی کمی، ضروری طبی آلات کی فراہمی جیسے بنیادی مسائل شامل تھے۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ سربندن کے عوام کو صحت کی معیاری خدمات کی فراہمی ان کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ اسپتال کے مسائل متعلقہ حکام تک پہنچا کر جلد از جلد حل کرائے جائیں گے۔ عوام کی صحت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا صحت کے ہر ادارے کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری رہیں گے۔ قبل ازیں مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر گوادر یاسر بلوچ سے ان کے آفس میں ملاقات کی، ملاقات میں انہوں نے ڈی ایچ او کو گوادر میں خوش آمدید کہتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ وہ ضلع گوادر میں صحت کے معاملات میں بہتری کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے۔

## ولید صالح بلوچ کے قاتلوں کی عدم گرفتاری باعث تشویش ہے، نیشنل پارٹی

**حکومت اور سیکورٹی ادارے قیام امن میں مکمل ناکام ہو چکے ہیں، مرکزی ترجمان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے پارٹی کے بزرگ رہنما سابق صالح بلوچ کے چھوٹے فرزند اور رکن بلوچستان اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ کے بھائی شہید ولید صالح بلوچ کے قاتلوں کی عدم گرفتاری پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ 10 روز گزرنے کے باوجود قاتلوں کا گرفتار نہ ہونا حکومت اور سیکورٹی اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک ایسے نوجوان جن کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں تھا کو شادی سے صرف 10 روز قبل شہید کرنا ظلم اور بربریت کی آخری حد ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور سیکورٹی ادارے قیام امن میں مکمل ناکام ہو چکے ہیں، قاتلوں، چوروں اور ڈاکوؤں کو مکمل چھوٹ دی گئی ہے وہ جب چاہیں کسی کو سرعام قتل اور لوٹ مار کرکے چلے جاتے ہیں جب کہ ضلعی انتظامیہ اور پولیس صرف چیک پوسٹوں پر بھتہ خوری اور لوگوں کو ہراساں کرنے میں ملوث ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید ولید کے قاتل سرعام موٹر سائیکلوں پر آئے اور چلے گئے لیکن آج تک ان کا پتہ نہ چلایا جا سکا کہ ان کو زمین کھا گئی یا آسمان نگل گیا، امن وامان کا بجٹ 80 ارب ہے لیکن حالات یہ ہیں کہ کوئی گھر سے بھی نہیں نکل سکتا، حکومتی وزراء و ارکان نجی محفلوں میں سرعام اعتراف کرتے ہیں کہ حالات قابو سے باہر ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید ولید کے قاتلوں کو فوری گرفتار نہ کیا گیا تو نیشنل پارٹی ایوانوں اور سڑکوں پر بھرپور احتجاج کرے گی۔

## سیکورٹی کی مد میں اربوں روپے خرچ ہونے کے باوجود امن نظر نہیں آتا، قہار ودان

**موسیٰ خیل کے عوام آج بھی بدترین مسائل سے دوچار ہیں، علاقائی اور ابتدائی یونٹس کو جلد فعال بنایا جائے، اجلاس میں ہدایت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان کی زیر صدارت ضلع موسیٰ خیل کے ضلع کمیٹی کا اجلاس ہوا۔ جس میں گوہر ضلع آرگنائزر، محمد یوسف ضلع سینئر ڈپٹی آرگنائزر اور سابق ضلع ایگزیکٹیوز کے اراکین پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی اور اس کو ہدایت کی گئی کہ جلد از جلد تمام علاقائی یونٹس، ابتدائی یونٹس کو فعال بنائیں اور عوامی رابطہ مہم کے ذریعے پارٹی چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی کا پیغام گھر گھر پہنچا کر انہیں پارٹی میں شمولیت کی دعوت دیں۔ دریں اثناء ضلعی سطح پر تربیتی سیمینار اور تحصیل کنگری کے اجلاس سے پارٹی کے مرکزی سیکرٹری عبدالحق ابدال، صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری سردار تیمور شاہ موسیٰ خیل، گوہر صاحب، محمد یوسف، آزاد خان، تحصیل آرگنائزر حاجی سوبی آغا، سینئر ڈپٹی آرگنائزر محمد خان سمیت دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا۔ پارٹی رہنماؤں نے کہا کہ نااہل حکمرانوں نے عوام کو ذہنی کوفت سے دوچار کر رکھا ہے، سیکورٹی کی مد میں اربوں روپے خرچ ہونے کے باوجود امن وامان کا قیام نظر نہیں آتا۔

## دوسروں کے ایماء پر خون کی ندیاں بہانے والے ملک وقوم پر رحم کریں، مولانا رفیق

**خطے میں جنگ کے ایندھن سے اپنا چولہا گرم کرنے کی خواہش کے پیچھے امریکہ ہے، خطاب**

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، حاجی بشیر احمد کاکڑ، شیخ مولانا عبدالظاہر حقانی، حاجی ولی محمد بڑیچ اور دیگر نے کہا ہے کہ خطے میں جنگ کے ایندھن سے اپنا چولہا گرم کرنے کی خواہش کے پیچھے امریکہ ہے، ایک بار پھر خون کی ندیاں دوسروں کے کہنے پر بہانے والے مزید ملک وقوم پر رحم کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے اسلاف امت کی زریں تاریخ ہمارے لیے مشعل راہ ہے جنہوں نے باطل قوتوں کے سامنے کبھی سر نہیں جھکایا بلکہ علم، عمل اور کردار کی طاقت سے امت کی رہنمائی کا فریضہ انجام دیا، آج کے نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ غیروں کی اندھی تقلید اور فکری غلامی سے خود کو آزاد کرکے اپنے اسلاف کے نقش قدم پر چلنے کو اپنا نصب العین بنائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ 20 شالدرہ یونٹ کے زیر اہتمام استقبالیہ تقریب اور یونٹ دفتر کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 30 OCT 2025 Page No. 16


# پشتونخوا وطن کے مسائل کا حل مشترکہ جدوجہد ہی سے ممکن ہے، پشتونخوا نیپ

**جب تک پشتونخوا وطن پر قومی واک و اختیار قائم نہیں ہوتا اس وقت تک دہشتگردی، غربت اور نابرابری و محرومی جیسے سنگین مسائل کا حل ممکن نہیں**

**ان مسائل کا حل ایک پارٹی کی بس کی بات نہیں قومی حقوق اور اختیارات کے حصول کیلئے تمام وطن پال جمہوری قوتوں کو مشترکہ جدوجہد کرنی ہوگی**

مردان (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی مردان کے زیر اہتمام پیر شانو رنل تخت بھائی اور جلالہ میں اولسی اجتماعات کا انعقاد ہوا۔ جس سے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ، شریک چیئرمین مختار خان یوسفزئی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریوں علی حیدر، گوہر علی، صوبائی صدر اشرف ہوتی اور ممتاز مبارز نیف خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پشتونخوا وطن کی قومی محکومی پشتون افغان عوام کی تباہی و بربادی کے تمام مسائل کا اصل سبب ہے۔ جب تک پشتونخوا وطن پر قومی واک و اختیار قائم نہیں ہوتا اور پشتون اپنے قدرتی وسائل کے مالک نہیں ........

بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

بنے اس وقت تک دہشتگردی، بدامنی، غربت، بیروزگاری اور نابرابری و محرومی جیسے سنگین مسائل کا حل ممکن نہیں۔ ان مسائل کا حل ایک پارٹی کی بس کی بات نہیں قومی حقوق اور اختیارات کے حصول کیلئے تمام وطن پال جمہوری قوتوں کو مشترکہ جدوجہد کرنی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں آئین و قانون کی حکمرانی نہیں پارلیمان موجود ہے لیکن تمام اختیارات مقتدرہ کی آمرانہ قوتوں کے پاس ہے جس نے داخلہ و خارجہ پالیسیوں پر کنٹرول حاصل کیا ہے عدلیہ کو ماتحت ادارہ اور میڈیا کے آزادی کو ختم کیا ہے پشتونخوا وطن کے دریاؤں کی پانی میں پشتونوں کا حصہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اباسین جیسے بڑے دریا کے بڑے کناروں پر آباد سرزمین پشتونخوا کا بیشتر حصہ بنجر اور غیر آباد ہے۔ تربیلہ اور پشتونخوا کے دیگر دریاؤں کی بیس ارب یونٹ سے زائد زیادہ بجلی پیدا ہوتی ہے لیکن تمام پشتونخوا وطن اندھیروں میں ڈوبا ہوا ہے۔

# پشتون قوم کو منظم سازش کے تحت انتہاپسندی کی دلدل میں دھکیلا گیا، اے این پی

**ایک منظم منصوبہ بندی کے تحت پشتون خواوطن میں خوف و دہشت کا ماحول پیدا کر کے پشتون قوم کو ترقی و خوشحالی سے محروم رکھا جا رہا ہے، اصغر اچکزئی**

**انتہا پسندی اور دہشت گردی پشتونوں کی اپنی پیداوار نہیں بلکہ یہ ایک مسلط کردہ عمل ہے جس کے ذریعے پشتون خطے کی ترقی کو روکا گیا ہے**

چارسدہ/کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا اور مرکزی کمیٹی کے رکن سید معصوم شاہ باچا نے کہا ہے کہ ایک منظم منصوبہ بندی کے تحت پشتون خواوطن میں خوف و دہشت کا ماحول پیدا کر کے پشتون قوم کو ترقی و خوشحالی سے محروم رکھا جا رہا ہے تاکہ ان کے وسائل کو بہ آسانی قبضہ کیا جا سکے اس تمام تر صورتحال کے باوجود باچا خان کے پیروکار امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں وہ پڑانگ چارسدہ میں منعقدہ اولسی اجتماع سے خطاب کر رہے تھے اس موقع ..........

بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

پر عوامی نیشنل پارٹی ضلع چارسدہ کے صدر شکیل خان عمرزئی تحصیل صدر گوہر ایوب خان و دیگر پارٹی عہدیداران اور بڑی تعداد میں کارکنان و عوام موجود تھے مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ پشتون قوم کو منظم سازش کے تحت انتہاپسندی دہشت گردی اور بدامنی کی دلدل میں دھکیل دیا گیا ہے تاکہ یہاں کے قدرتی وسائل پر آسانی سے قبضہ کیا جاسکے انتہاپسندی اور دہشت گردی پشتونوں کی اپنی پیداوار نہیں بلکہ یہ ایک مسلط کردہ عمل ہے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 30 OCT 2025 Page No. 17


## ڈیرہ مراد جمالی، جعفر ایکسپریس پر چار راکٹ فائر

پولیس موبائل پر حملے میں 13 افراد زخمی

ٹرین میں موجود سیکورٹی اہلکاروں کی فائرنگ سے حملہ آور فرار، پولیس موبائل پر دستی بم پھینکا گیا، دو پولیس اہلکار و راہگیر خواتین زخمیوں میں شامل

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی میں تخریب کاری کے دو مختلف واقعات رونما ہوئے۔ ایک واقعے میں نامعلوم افراد نے جعفر ایکسپریس پر راکٹ لانچروں سے حملہ کیا جوابی کارروائی پر حملہ آور فرار ہو گئے۔ دوسرے واقعے میں ڈیرہ مراد جمالی شہر میں ضلع گشت کرنے والی پولیس موبائل پر دستی بم حملے میں 2 پولیس اہلکار اور 2 راہگیر خواتین سمیت 13 افراد شدید زخمی ہو گئے۔ واقعے کے بعد پولیس سیکورٹی فورسز نے علاقے کی ناکہ بندی کرلی۔ ایس ایس پی نصیر آباد غلام سرور بھیو کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب پولیس تھانہ نوتال کی حدود میں کوئٹہ سے پشاور جانے والی مسافر ٹرین جعفر ایکسپریس پر نامعلوم افراد نے چار راکٹ فائر کیے تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ٹرین میں سوار سیکورٹی اہلکاروں کی جوابی کارروائی سے حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ ڈیرہ مراد جمالی شہر کے مقامی پمپ کے پاس گشتی پولیس کی موبائل وین پر نامعلوم افراد نے دستی بم پھینکا، دھماکے سے دو پولیس اہلکار [illegible] خواتین سمیت 13 افراد شدید زخمی ہو گئے۔ زخمیوں کو طبی امداد کے بعد مختلف ہسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا۔ نصیر آباد ڈویژن میں تخریب کاری کے بڑھتے ہوئے واقعات کے بعد سیکورٹی ہائی الرٹ کر دی گئی ہے۔

## جھل مگسی: داماد کی فائرنگ سے سسر ہلاک، ساس سمیت دو افراد شدید زخمی

دونوں زخمی علاج کیلئے لاڑکانہ منتقل، واقعہ گھریلو ناچاقی کا شاخسانہ قرار

گنداواہ (نامہ نگار) جھل مگسی میں گھریلو ناچاقی کی وجہ سے داماد نے فائرنگ کر کے سسر کو قتل کر دیا اور موقع سے فرار ہو گیا جبکہ فائرنگ سے اس کی ساس سمیت دو افراد شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ جھل مگسی محلہ جمیدانی میں گھریلو ناچاقی کی بنا پر محمد رفیق نامی شخص نے فائرنگ کر کے اپنے سسر سہیل خان کو قتل کر دیا جبکہ فائرنگ سے اس کی ساس نیراں بی بی اور جمشید گولیاں لگنے سے شدید زخمی ہو گئے واقعہ کی اطلاع ملنے پر ایس ایچ او پولیس تھانہ جھل مگسی محمد علی عمرانی پولیس پارٹی کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے اور لاش و زخمیوں کو اپنی تحویل میں لیکر آر ایچ سی جھل مگسی پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی جبکہ زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد دیکر مزید علاج کے لئے لاڑکانہ ریفر کر دیا تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

## کوئٹہ، دالبندین اور ناگ میں فائرنگ سے 3 افراد ہلاک، 3 زخمی

کلی کلاؤ میں ایک شخص کو گولی ماری گئی، دالبندین میں دکان پر فائرنگ سے دکاندار جاں بحق، حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے

ناگ میں زمین کے تنازعے پر پولیس کے سپاہی نے تین افراد کو زخمی کیا، ژوب میں بھائیوں کے ہاتھوں بھائی قتل

کوئٹہ/اندرون بلوچستان (اسٹاف رپورٹر/نامہ نگاران) کوئٹہ، دالبندین ژوب اور ضلع واشک کی سب تحصیل ناگ میں مختلف واقعات میں تین افراد جاں بحق اور تین زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق سریاب کی کلی کلاؤ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کے مطابق نیو سریاب کے علاقے کوہ آباد کا رہائشی علی نواز ولد عبدالحمید گزشتہ روز پیدل کلی کلاؤ جا رہا تھا کہ نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی گئی۔ دالبندین میں دکان پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے علی اور محمد کا رہائشی بیر ڈیسر نظر محمد ولد رحمت اللہ جاں بحق ہو گیا۔ نور محمد گزشتہ روز اپنی دکان واقع شیر چوک پی پاس پر کام میں مصروف تھا کہ گاڑی میں سوار نامعلوم افراد دکان پر شدید فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے۔ فائرنگ کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہو گیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر زخمی کو ہسپتال پہنچایا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گیا ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی۔ ناگ سے موصولہ رپورٹ کے مطابق تحصیل ناگ کے مین بازار میں زمین کے تنازعے پر پولیس کے ایک سپاہی کی فائرنگ سے تین افراد زخمی ہو گئے۔ زخمیوں کو فوری طور پر آر ایچ سی ہسپتال ناگ منتقل کر دیا گیا، جہاں ایک زخمی کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق زخمیوں میں علی بخش ولد خالق داد، ساکن کاشاپ چوک، ولی داد ولد خالق داد، ساکن کاشاپ چوک اور تنویر احمد ولد نور احمد، ساکن ناگ شامل ہیں۔ واقعے کے بعد فائرنگ کرنے والا پولیس سپاہی موقع واردات سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی۔ ژوب سے نامہ نگار کے مطابق بھائیوں نے مل کر بھائی کو قتل کر دیا مقامی قبرستان میں سپرد خاک تاحال مقدمہ درج نہ ہو سکا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. u

Dated: 30 OCT 2025 Page No. 18

# بلوچستان فورسز کی کارروائیاں 14 دہشتگرد ہلاک کرم میں 7 خوارج جہنم واصل کیپٹن سمیت 6 جوان شہید

سیکورٹی فورسز نے کوئٹہ کے نواحی علاقے چلتن کے پہاڑی سلسلوں میں کارروائی کرتے ہوئے 10 سے زائد دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا، مارے گئے تمام افراد کا تعلق کالعدم تنظیم سے ہے

ضلع مستونگ کے علاقے دشت میں سیکورٹی فورسز کی کارروائی میں 4 دہشت گرد ہلاک ہوگئے، فائرنگ کے تبادلے کے دوران ایک راہ گیر شہید پکنگ پر آئے 8 افراد زخمی ہوگئے

کرم کے علاقے دوگر میں بھارتی پراکسی فتنہ خوارج کے خلاف خفیہ اطلاع کی بنیاد پر آپریشن کیا گیا،سیکورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائی کے نتیجے میں 7 خوارج ہلاک مارے گئے

کوئٹہ،کرم ایجنسی اسلام آباد(این این آئی، بیورو پورٹ) سیکورٹی فورسز نے کوئٹہ کے نواحی علاقے چلتن کے پہاڑی سلسلوں میں کارروائی کرتے ہوئے 10 سے زائد دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی کالعدم تنظیم کے کیمپوں کے خلاف کی گئی، مارے گئے تمام افراد کا تعلق کالعدم تنظیم سے ہے۔واضح رہے کہ حالیہ مہینوں میں افغانستان سے متصل صوبہ بلوچستان اور خیبرپختونخوا میں دہشتگردی کی لہر میں تیزی ......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کے ساتھ ہی سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں بھی اضافہ ہوا ہے۔نجشت میں دہشت گردوں اور سیکیورٹی فورسز کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا بلوچستان کے ضلع مستونگ کے علاقے دشت میں سیکورٹی فورسز کی کارروائی میں 4 دہشت گرد ہلاک ہوگئے، فائرنگ کے تبادلے کے دوران ایک راہ گیر شہید اور 8 افراد زخمی ہو گئے۔سیکیورٹی ذرائع کے مطابق دہشت گردوں اور سیکیورٹی فورسز کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس کی زد میں راہ گیر اور دیگر افراد بھی آئے۔سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فائرنگ کی زد میں آکر ایک راہ گیر جاں بحق ہوگیا جب کہ پکنک پر آئے 8 افراد زخمی ہو گئے، واقعے کے بعد لاشوں اور زخمیوں کو اسپتال منتقل کر دیا گیا۔پختونخوا کے ضلع کرم میں سکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 7 خوارج مارے گئے جبکہ کیپٹن سمیت 6 جوانوں نے جام شہادت نوش کیا۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سکیورٹی فورسز نے کرم کے علاقہ دوگر میں بھارتی پراکسی فتنہ خوارج کے خلاف خفیہ اطلاع کی بنیاد پر آپریشن کیا گیا۔آئی ایس پی آر نے بتایا کہ سکیورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائی کے نتیجے میں 7 خوارج ہلاک مارے گئے۔ شدید فائرنگ کے تبادلے میں کیپٹن نعمان سلیم سمیت 6 بہادر جوانوں نے جام شہادت نوش کیا، شہدا میں حوالدار امجد علی، نائیک وقاص احمد، سپاہی اعجاز علی، سپاہی محمد ولید اور سپاہی محمد شہباز شامل ہیں۔آئی ایس پی آر کے مطابق کیپٹن نعمان سلیم ایک بہادر اور نوجوان میڈیکل آفیسر تھے، کیپٹن نعمان محاذ پر میڈیکل خدمات انجام دینے کے ساتھ دلیرانہ انداز میں لڑے اور جام شہادت نوش کیا۔آئی ایس پی آر کا بتایا کہ علاقے میں موجود دیگر بھارتی سرپرستی یافتہ خوارج کی تلاش اور خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے انسداد دہشتگردی کی مہم پوری قوت سے جاری رکھے ہوئے ہیں، ملک سے بیرونی حمایت یافتہ دہشتگردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔

## نال: نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 3 افراد زخمی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے علاقے نال میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 3 افراد زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے علاقے نال میں نامعلوم مسلح افراد نے ......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

فائرنگ کر کے 3 افراد علی بخش، ولی داد اور تنویر احمد کو زخمی کر دیا۔ زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## گنداخہ کے علاقے باغ ہیڈ کی حدود سے لاش برآمد

کوئٹہ/ اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد کے علاقے گنداخہ باغ ہیڈ تھانہ کی حدود واٹر کورس سے ایک لاش برآمد ہوئی ہے۔ جس کی شناخت سیف اللہ کے نام سے ہوئی لاش ضروری کارروائی کے بعد لواحقین کے حوالے کر دی گئی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 30 OCT 2025 Page No. 18


## مستونگ: میٹرک کے امتحانی فارم بورڈ نہ بھیجنے پر طلباء کا احتجاج

**اسکول انتظامیہ کی غفلت کے باعث امتحانی فارم بروقت بورڈ آفس نہیں پہنچ سکے، طلباء**

فارم جمع کروانے کا بندوبست اور ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی کی جائے، مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ میں طلباء نے میٹرک کے امتحانی فارم بورڈ نہ بھیجنے کے خلاف قومی شاہراہ کو بلاک کرکے احتجاج کیا جس سے ہر قسم کی ٹریفک معطل ہوگئی اور سڑک کے دونوں جانب گاڑیوں کی لمبی لمبی قطاریں لگ گئیں جس سے مسافروں اور ڈرائیوروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا طلباء کی جانب سے سکول انتظامیہ کے خلاف شدید نعرہ بازی کی گئی احتجاجی طلباء کا کہنا تھا کہ اسکول انتظامیہ کی غفلت کے باعث ان کے امتحانی فارم بر ........

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7

وقت بورڈ آفس نہیں پہنچ سکے جس سے وہ سالانہ امتحانات میں بیٹھنے سے محروم ہو سکتے ہیں اور ان کا تعلیمی سال ضائع ہونے کا اندیشہ ہے مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ متعلقہ حکام فوری نوٹس لیتے ہوئے ان کے فارم جمع کروانے کا بندوبست کریں اور ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی کی جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی ذمہ دار شخص غیر ذمہ داری کا مظاہرہ نہ کریں۔ بعد ازاں ضلعی انتظامیہ نے احتجاجی مظاہرین سے مذاکرات کئے اور یقین دہانی پر مظاہرین نے احتجاج ختم کرتے ہوئے روڈ کو ٹریفک کی آمدورفت کیلئے کھول دیا اور پرامن طور پر منتشر ہوگئے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 30 OCT 2025 Page No. 20

## ملک بھر میں گھریلو صارفین کیلئے گیس کنکشن کھولنے کا اعلان!

ملک بھر میں کافی عرصے سے گیس کے گھریلو کنکشن پر پابندی عائد تھی۔ جس کے باعث شہریوں کو بڑی مشکلات کا سامنا تھا۔ کیونکہ گیس ہی گھریلو ایندھن کا ذریعہ ہے جو گھروں میں کھانا پکانے اور دیگر کام آتا ہے۔

گذشتہ روز وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے گھریلو کنکشن کی بحالی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ملک بھر میں گھریلو صارفین کے لیے گیس کنکشن کھولنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ 2022ء میں پی ڈی ایم کی حکومت بنی تو چاروں طرف سے بے پناہ دباؤ تھا کہ گیس کے کنکشن دیئے جائیں ہمیں گیس کی فراہمی میں مشکلات تھیں اور ہر درخواست دہندہ سے ہمیں معذرت کرنا پڑی۔ حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے توانائی کے شعبے میں مزید اقدامات جاری رکھے گی تاکہ ہر گھر تک گیس کی فراہمی ممکن بنائی جاسکے۔ اس طرح عوام کا ایک دیرینہ مطالبہ پورا ہوگیا ہے۔ آج خوشی کا دن ہے کہ پورے پاکستان میں گھریلو صارفین کے لیے معیاری ایندھن گیسیفائڈ لیکویڈ نیچرل گیس کے کنکشن کا اجراء کیا جارہا ہے۔ وزیراعظم نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے توانائی کے شعبے میں مزید اقدامات جاری رکھے گی تاکہ ہر گھر تک گیس کی فراہمی ممکن بنائی جاسکے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کا ملک بھر میں گھریلو صارفین کیلئے گیس کنکشن بحال کرنے کا اعلان بلاشبہ قابل تعریف ہے کیونکہ گیس نہ ہونے کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑرہا تھا۔ لیکن یہاں اس بات کا ذکر کرنا ازحد ضروری ہے کہ اس وقت ملک بھر میں گیس کی لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے جس کی وجہ سے گیس کی کمی بتائی جاتی ہے۔ اس طرح گیس کے نئے کنکشنز کی بحالی کا اعلان باعث حیرت ہے۔ پہلے سے گیس کم ہونے کے باوجود نئے کنکشنز کو گیس کہاں سے فراہم کی جائے گی؟ کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں تو سردیوں میں گیس کا نظام ہر سال درہم برہم رہتا ہے یہاں گیس پریشر میں کمی کا مسئلہ کئی سالوں سے مسلسل چل رہا ہے جو کہ حل نہیں ہورہا۔ اس کے ساتھ ساتھ اب رات 10 بجے سے صبح 5 بجے تک جو طویل لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے یہ عوام کے لیے بڑا تکلیف دہ عمل ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 30 OCT 2025 Page No. 21

# Climate challenge

The warnings from Quetta are stark, carrying the weight of an environmental emergency. As Adviser to the Chief Minister on Climate Change and Environment Naseem-ur-Rehman Khan Mullakhel recently articulated, Balochistan is facing severe and escalating threats from climate change. Problems like chronic drought, a continuous and dramatic increase in temperature, crippling water scarcity, and a rapid decrease in soil fertility are not distant predictions, they are the current reality. If immediate and fundamental measures are not adopted, the profound impacts on the province's economy, agriculture, and, ultimately, human life will become irreversible in the coming years. The crisis is a cruel paradox for Pakistan. While the nation contributes a negligible fraction to global greenhouse gas emissions, it consistently ranks among the top ten countries most vulnerable to the negative effects of the climate emergency. This global injustice, however, cannot serve as an excuse for local inaction. The consequences of climate change manifesting as devastating floods one year and prolonged, severe drought the next are hitting the most vulnerable populations hardest, and no province feels this vulnerability more acutely than Balochistan. Balochistan, by its very geography, is a region defined by water scarcity, receiving critically low precipitation even in normal times. When drought sets in, the situation rapidly transforms from difficult to existential. This is why the path forward cannot be one of passive anticipation, waiting for the international community to mitigate the crisis it largely created. While global cooperation is necessary, the immediate onus of adaptation and resilience falls squarely on the provincial government and its people. It must be unequivocally clear that unless we take aggressive, preventative measures to mitigate these consequences ourselves, no one else will shoulder the full burden for us. The priority must shift immediately to practical, on-the-ground steps that safeguard the mainstays of Balochistan's economy: agriculture and livestock. This requires a radical departure from past practices. Preventative measures should include investing in water-efficient irrigation techniques, such as drip and sprinkler systems, alongside the construction of check dams and reservoirs to capture the region's scarce rainfall. Every farmer, shepherd, and citizen must understand the severity of the challenge and their role in conserving every precious drop of water. The climate crisis is a matter of national security, economic stability, and human survival. Balochistan stands at the vanguard of this fight. By focusing on local adaptation, creating public awareness, and prioritizing the resilience of its core economic sectors, the provincial government can transform this existential threat into an opportunity for sustainable, self-driven development.

CamScanner